13213 ـ چمڑے کی جیکٹ وغیرہ پہننا

سوال

خنزیر کے چمڑے کی جیکٹ وغیرہ پہننے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا:

" جب چمڑے کو دباغت دی جائے تو وہ پاك ہو جاتا ہے "

اور ایك حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" مرے ہوئے جانور کے چمڑے کو دباغت دینا اس کی پاکیزگی ہے "

لیکن علماء کرام کا اس میں اختلاف ہے کہ آیا یہ حدیث ہر قسم کے چمڑے کے لیے عام ہے یا نہیں ؟

یا کہ صرف ان جانوروں کے چمڑے کے ساتھ خاص ہے جو ذبح کرنے سے حلال ہو جاتے ہیں ؟

اس میں کوئی شك و شبہ نہیں کہ جو جانور ذبح کرنے سے حلال ہو جاتے ہیں مثلا گائے اونٹ بکری وغیری میں سے مرے ہوئے جانور کے چمڑے کی دباغت کی جائے تو علماء کرام کے صحیح قول کے مطابق ہر چیز میں اس کا استعمال جائز ہے.

لیکن خنزیر اور کتے وغیرہ جو ذبح کرنے سے حلال نہیں ہوتے ان جانوروں کے چمڑے کو دباغت دینے کے بعد اس کی پاکیزگی میں اختلاف پایا جاتا ہے، اور احتیاط اسی میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے درج ذیل فرمان پر عمل کرتے ہوئے اسے استعمال نہ کیا جائے.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جو شخص شبہات سے بچ گیا اس نے اپنا دین بھی محفوظ کر لیا اور اپنی عزت بھی محفوظ کر لی "

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جس میں شک ہو اسے چھوڑ کر بغیر شک والی چیز کو اختیار کر لو "